# 4 باتیں

## جو خُدا آپ کو بتانا چاہتا ہے

# 1

# آپ کو نجات پانے کی ضرورت ہے۔

''سب نے گناہ کیا اور خدا کے جلال سے محروم ہیں''۔ رومیوں ۳:۲۳

''ہم سب بھیڑوں کی مانند بھٹک گئے۔ہم میں سے ہر ایک اپنی راہ کو پھرا''۔ یسعیاہ ۵۳:۶

''اور جس طرح آدمیوں کے لئے ایک بار مرنا اور اس کے بعد عدالت کا ہونا مقرر ہے''۔عبرانیوں ۹:۲۷

''گناہ کی مزدوری موت ہے''۔ رومیوں ۶:۲۳

''جب تک کوئی نئے سرے سے پیدا نہ ہو وہ خدا کی بادشاہی کو دیکھ نہیں سکتا''۔ یوحنا ۳:۳

''جو جسم سے پیدا ہوا ہے جسم ہے اور جو روح سے پیدا ہوا ہے روح ہے''۔
یوحنا ۳:۶

# 2

# آپ از خود نجات حاصل نہیں کر سکتے۔

”ایسی راہ بھی ہے جو انسان کو سیدھی معلوم ہوتی ہے پر اُس کی انتہا میں موت کی راہیں ہیں“۔ امثال ۱۲:۱۴

”آدمی شریعت کے اعمال سے نہیں بلکہ یسوع مسیح پر ایمان لانے سے راستباز ٹھہرتا ہے“۔ گلتیوں ۱۶:۲

”تم کو ایمان کے وسیلہ سے فضل ہی سے نجات ملی ہے اور یہ تمہاری طرف سے نہیں۔ خدا کی بخشش ہے۔ اور نہ اعمال کے سبب سے ہے تاکہ کوئی فخر نہ کرے“۔ افسیوں ۲:۸، ۹

”یسوع نے اس سے کہا کہ راہ اور حق اور زندگی میں ہوں۔ کوئی میرے وسیلہ کے بغیر باپ کے پاس نہیں آتا“۔ یوحنا ۶:۱۴

”کسی دوسرے کے وسیلہ سے نجات نہیں کیونکہ آسمان کے تلے آدمیوں کو کوئی دوسرا نام نہیں بخشا گیا جس کے وسیلہ سے ہم نجات پا سکیں“۔ اعمال ۱۲:۴

# 3 خدا نے آپ کے لئے نجات کا انتظام کر دیا ہے۔

”خدا نے ہمیں غضب کے لئے نہیں بلکہ اس لئے مقرر کیا کہ ہم اپنے خداوند یسوع مسیح کے وسیلہ سے نجات حاصل کریں جو ہماری خاطر مؤا“۔ ۱۔تھسلنیکیوں ۵:۹۔۱۰

”خدا نے دنیا سے ایسی محبت رکھی کہ اس نے اپنا اکلوتا بیٹا بخش دیا تاکہ جو کوئی اس پر ایمان لائے ہلاک نہ ہو بلکہ ہمیشہ کی زندگی پائے“۔
یوحنا ۳:۱۶

”خداوند نے ہم سب کی بدکرداری اس پر لادی“۔ یسعیاہ ۵۳:۶

”مسیح نے بھی یعنی راستباز نے ناراستوں کے لئے گناہوں کے باعث ایک بار دکھ اُٹھایا تاکہ ہم کو خدا کے پاس پہنچائے“۔
۱۔پطرس ۳:۱۸

”گناہ کی مزدوری موت ہے مگر خدا کی بخشش ہمارے خداوند یسوع مسیح میں ہمیشہ کی زندگی ہے“۔ رومیوں ۶:۲۳

# 4

# خُداوند یسوع مسیح نجات دینے اور بچانے کی قدرت رکھتا ہے۔

''اسی لئے جو اس کے وسیلہ سے خدا کے پاس آتے ہیں وہ انہیں پوری پوری نجات دے سکتا ہے کیونکہ وہ ان کی شفاعت کے لئے ہمیشہ زندہ ہے''۔ عبرانیوں ۷:۲۵

''اب جو تم کو ٹھوکر کھانے سے بچا سکتا ہے اور اپنے پر جلال حضور میں کمال خوشی کے ساتھ بے عیب کر کے کھڑا کر سکتا ہے''۔ یہوداہ ۱:۲۴

''کیونکہ جس صورت میں اس نے خود ہی آزمایش کی حالت میں دکھ اٹھایا تو وہ ان کی بھی مدد کر سکتا ہے جن کی آزمایش ہوتی ہے''۔

عبرانیوں۲:۱۸

''اس لئے اگر کوئی مسیح میں ہے تو وہ نیا مخلوق ہے۔ پرانی چیزیں جاتی رہیں۔ دیکھو وہ نئی ہو گئیں''۔ ۲۔کرنتھیوں ۵:۱۷

## اسلئے ضرور ہے کہ آپ

## توبہ کریں۔

''پس خدا۔۔۔ اب سب آدمیوں کو ہر جگہ حکم دیتا ہے کہ توبہ کریں''۔ اعمال ۱۷:۳۰

## ایمان لائیں۔

''خداوند یسوع پر ایمان لا تو تو اور تیرا گھرانا نجات پائے گا''۔

اعمال ۱۶:۳۱

## خُدا کے حضور اپنے گناہوں کا اقرار کریں۔

''اگر اپنے گناہوں کا اقرار کریں تو وہ ہمارے گناہوں کے معاف کرنے اور ہمیں ساری ناراستی سے پاک کرنے میں سچا اور عادل ہے''۔ ۱۔یوحنا ۱:۹

## آدمیوں کے سامنے مسیح کا اقرار کریں۔

''اگر تو اپنی زبان سے یسوع کے خداوند ہونے کا اقرار کرے اور اپنے دل سے ایمان لائے کہ خدا نے اسے مُردوں میں سے جلایا تو نجات پائے گا۔ کیونکہ راستبازی کے لئے ایمان لانا دل سے ہوتا ہے اور نجات کے لئے اقرار منہ سے کیا جاتا ہے''۔ رومیوں ۱۰:۹۔۱۰

## دعوتِ عام

اگر آپ اپنے نجات دہندہ خداوند یسوع مسیح کے بارے میں مزید جاننا چاہتے ہیں تو اپنا نام اور پتہ ہمیں ارسال کریں۔ ہم آپ کو ایک خوبصورت کتاب ''نجات مگر کیسے؟'' مفت بھیجیں گے۔

**EVERYHOME**

57-H, Block-6, PECHS Karachi. 75400 Pakistan
H # 1761-D, Block-J, Nishat Colony, Lahore.
Ph: 021-34380601, 042-37138056, UAN: 0304-1110720